ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

دوسرا ویمنز ون ڈے: ویسٹ انڈیز نے پاکستان کو 2 وکٹوں سے ہرا دیا

- سیریز میں دو صفر کی سبقت، ندا ڈار کی ون ڈے میں 100 وکٹیں مکمل
- اسٹیفینی ٹیلر 73 رنز بنا کر پلیئر آف دی میچ قرار پائیں

کراچی 21 اپریل، 2024:

ویسٹ انڈیز ویمنز نے پاکستان ویمنز کو دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میں دلچسپ مقابلے کے بعد 2 وکٹوں سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں دو صفر کی برتری حاصل کرلی۔ مہمان ٹیم کی اسٹیفنی ٹیلر 73 رنز کی اننگز کھیل کر پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

پاکستان ویمنز ٹیم کی کپتان ندا ڈار نے ون ڈے انٹرنیشنل میں اپنی 100 وکٹیں مکمل کرلیں۔ وہ ثنا میر کے بعد یہ اعزاز حاصل کرنے والی دوسری پاکستانی خاتون کرکٹر ہیں۔

اتوار کے روز نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان ویمنز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور پوری ٹیم 48.5 اوورز میں 223 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

ویسٹ انڈیز ویمنز نے 50 ویں اوور کی آخری گیند پر آٹھ وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کرلیا۔

پاکستان ویمنز کا آغاز مایوس کن رہا۔ منیبہ علی صرف 2 رنز بنا کر شنیل ہنری کی گیند پر بولڈ ہوگئیں۔ سدرہ امین اور بسمہ معروف نے دوسری وکٹ کی شراکت میں 80 رنز کا اضافہ کیا۔

سدرہ امین چار چوکوں کی مدد سے 50 رنز بنا کر ایفی فلیچر کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہو گئیں جو ان کی ون ڈے انٹرنیشنل میں آٹھویں نصف سنچری ہے۔ ان کے آؤٹ ہونے کے بعد صرف بسمہ معروف ہی قابل ذکر کارکردگی دکھانے میں کامیاب ہو پائیں۔ انہوں نے تین چوکوں کی مدد سے 65 رنز اسکور کیے جو ون ڈے انٹرنیشنل میں ان کی 21 ویں نصف سنچری ہے تاہم دیگر بیٹرز وکٹ پر زیادہ دیر ٹھہر کر ان کے ساتھ بڑی پارٹنرشپ قائم نہ کر پائیں۔ کپتان ندا ڈار 15 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوئیں۔ عالیہ ریاض 6 صدف شمس 9 اور فاطمہ ثنا 11 رنز بنا سکیں۔ وکٹ کیپر نجیہہ علوی نے 25 رنز اسکور کیے۔
فاسٹ بولر شنیل ہنری نے 37 اور آف اسپنر کرشما رامارک نے 48 رنز دے کر تین تین وکٹیں حاصل کیں۔ ایفی فلیچر نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ویسٹ انڈیز ویمنز کی پہلی وکٹ 32 رنز پر گری جب رشادا ولیمز 7 رنز بنا کر ندا ڈار کی گیند پر منیبہ علی کے ہاتھوں کیچ ہو گئیں۔ یہ ندا ڈار کی 108 ویں ون ڈے انٹرنیشنل میں 100 ویں وکٹ تھی۔ وہ ثنا میر کے بعد دوسری پاکستانی ویمن کرکٹر ہیں جنہوں نے ون ڈے انٹرنیشنل میں وکٹوں کی سنچری مکمل کی ہے۔ ثنا میر نے 120 ون ڈے انٹرنیشنل میں 151 وکٹیں حاصل کی ہیں۔

پاکستان ویمنز کو اسوقت اہم کامیابی ملی جب کپتان ہیلی میتھیوز 44 رنز بنا کر ام ہانی کی گیند پر متبادل کھلاڑی ڈیانا بیگ کے ہاتھوں کیچ ہو گئیں تاہم اس کے بعد شیمین کیمبل اور اسٹیفنی ٹیلر نے تیسری وکٹ کے لیے 88 رنز کی شراکت قائم کر ڈالی۔
شیمین کیمبل 52 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ اسٹیفنی ٹیلر نے 73 رنز اسکور کیے جس میں 9 چوکے شامل تھے۔
پاکستانی بولرز اسٹیفنی ٹیلر کی وکٹ کے بعد مزید تین وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئیں۔
ویسٹ انڈیز ویمنز کی آٹھویں وکٹ 221 کے اسکور پر گری تاہم آخری اوور کی آخری گیند پر کرشما رامارک کے چوکے نے اپنی ٹیم کو جیت سے ہمکنار کر دیا۔

مختصر اسکور:

پاکستان ویمنز 223 رنز (48.5 اوورز) بسمہ معروف 65۔ سدرہ امین 50۔ شنیل ہنری 37/3 وکٹ۔ کرشما رامارک 48/3 وکٹ۔
ویسٹ انڈیز ویمنز 225 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) اسٹیفنی ٹیلر 73۔ شیمین کیمبل 52۔ ہیلی میتھیوز 44۔ ندا ڈار 52/4 وکٹ۔

نتیجہ۔ویسٹ انڈیز ویمنز کی 2 وکٹوں سے کامیابی۔–

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial